© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **مدرسہ معمورہ کے سفیر بھائی عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ:** مجلس احرارِ اسلام ملتان کے مخلص و ہر دل عزیز کارکن بھائی عبدالحکیم یکم صفر ۱۴۳۴ھ، ۱۵؍ دسمبر ۲۰۱۲ء کو اچانک دل کا دورہ پڑنے سے دارِ بنی ہاشم میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم گزشتہ بیس برس سے مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے۔ بیعت کا تعلق جانشینِ امیرِ شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے تھا۔ اُن کے انتقال کے بعد حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں باقاعدگی سے حاضر رہتے۔ اپنی چالیس سالہ عمرِ عزیز کے نصف یعنی بیس برس مجلس احرارِ اسلام کی رفاقت میں گزارے۔ بھائی عبدالحکیم مرحوم، حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے بہت ہی لاڈلے تھے۔ اپنے مزاج، رویوں اور اخلاق کی وجہ سے کارکنوں میں بہت ہی مقبول اور ہر دل عزیز تھے۔ گزشتہ چند برسوں سے وہ مدرسہ معمورہ کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ مدرسہ کے لیے احباب سے ماہانہ عطیات وصول کرتے اور یہ خدمت بلا معاوضہ انجام دیتے۔ انتہائی دیانت دار، مخلص اور معاملات کے کھرے انسان تھے۔ وہ روزانہ مدرسہ معمورہ آتے، اکثر قیامِ شب بھی مدرسہ میں ہی کرتے۔ اُن کی دیانت مثالی تھی۔ انتقال کے بعد اُن کی جیب سے جو رقم ملی اس میں مدرسہ کی رقم الگ کر کے کاغذ پر لکھا ہوا تھا ''مدرسہ معمورہ کا حساب''، وہ معمول کے مطابق مدرسہ کی رقم سے نوٹ بھی تبدیل نہیں کرتے تھے۔ آہ! ہم ایک مخلص و دیانت دار، خوش اخلاق و خوش مزاج، صالح اور محنتی کارکن اور دوست سے محروم ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

● **محترم شیخ الطاف الرحمٰن اور شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کو صدمہ:** مجلس احرارِ اسلام گوجرانوالہ کے صدر محترم شیخ الطاف الرحمٰن اور ملتان میں ہمارے رفیقِ فکر محترم شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کی ہمشیر صاحبہ ۱۵؍ دسمبر کو انتقال کر گئیں اور ۲۱؍ دسمبر کو اُن کی اکلوتی بیٹی ماں کی جدائی کے صدمے میں خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ یکے بعد دیگرے ماں، بیٹی کی اموات سے پورا خاندان شدید صدمے سے دوچار ہے۔ حق تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل کی نعمت سے نوازے (آمین)

● **حکیم حسنین اختر صاحب مرحوم (سلیمی دواخانہ ملتان)** ملتان میں ہمارے کرم فرما جناب حکیم حسنین اختر (سلیمی دواخانہ والے) ۱۱؍ دسمبر کو اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم، ملتان کے معروف معالج حکیم عطاء اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے، جناب سلیم اللہ خان مرحوم کے بیٹے اور حضرت حکیم حنیف اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے تھے۔ اس خاندان کا خانوادۂ امیرِ شریعت سے بہت ہی گہرا تعلق ہے۔ حکیم عطاء اللہ خان اور حکیم حنیف اللہ خان (مرحومین) دونوں باپ بیٹا حضرت امیرِ شریعت کے معالج تھے۔ محبت و خلوص کا یہ تعلق حکیم عطاء اللہ خان کے پوتوں حکیم حسنین مرحوم، حکیم حافظ محمد طارق، حکیم محمد خلیل اللہ اور اُن کے پورے خاندان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے بحمداللہ اب تک قائم ہے۔اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے،حسنات کو قبول فرمائے،اور پسماندگان کو صبر عطا فرمائے (آمین)

● **اہلیہ مرحومہ پروفیسر خالد شبیر احمد:** مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے نائب امیر محترم پروفیسر خالد شبیر احمد کی اہلیہ طویل علالت کے بعد ۷ر دسمبر کو رحلت فرما گئیں۔امیر مرکزیہ حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ، ناظم نشر و اشاعت میاں محمد اویس، مولانا محمد مغیرہ، سید محمد کفیل بخاری، ڈاکٹر محمد عمر فاروق، قاری محمد یوسف احرار اور دیگر حضرات نے محترم پروفیسر صاحب سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعاءِ مغفرت کی ہے۔اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے۔(آمین)

● **ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ:** معروف معالج اور سادات ہمدانیہ کے بزرگ جناب ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن ہمدانی ۱۹ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو طویل علالت کے بعد بہاول پور میں انتقال فرما گئے۔مرحوم انتہائی عابد و زاہد انسان تھے۔تمام عمر اکابر علماءِ حق کے ساتھ وابستہ رہے۔حضرت میاں عبدالہادی دین پوری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ اکثر اُن کے ہاں تشریف لاتے۔ڈاکٹر صاحب رحمہ اللہ اعلیٰ علمی و ادبی ذوق رکھتے تھے۔وہ اپنے پیشے کے متعلق بھی جدید ترین تحقیقات کا علم رکھتے تھے۔بزرگوں کی صحبت کا رنگ اُن کے علم و عمل سے ظاہر تھا۔ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن ہمدانی، مدیر نقیبِ ختمِ نبوّت سید محمد کفیل بخاری کے بہنوئی سید وقار الحسن ہمدانی کے حقیقی ماموں تھے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین)

● **حضرت مولانا محمد عبدالستار تونسوی رحمۃ اللہ علیہ:** تنظیم اہلِ سنت پاکستان کے سربراہ، حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور ہزاروں علما کے استاذ حضرت مولانا محمد عبدالستار تونسوی ۷ر صفر ۱۴۳۴ھ ۲۱ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو نشتر ہسپتال ملتان میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔حضرت کی نمازِ جنازہ ۲۲ر دسمبر کو اُن کے فرزند مولانا عبدالغفار تونسوی کی امامت میں تونسہ میں ادا کی گئی۔جنازہ میں لاکھ سے زائد افراد شریک ہوئے۔مرحوم نے تقریباً ۸۸ برس عمر پائی، علم مناظرہ کے امام تھے۔علامہ دوست محمد قریشی، مولانا سید نور الحسن بخاری، مولانا قائم الدین اور علّامہ خالد محمود کے ساتھ مل کر سردار احمد خان پتافی کی تنظیم اہلِ سنت کو سنبھالا۔انہوں نے ردِّ رفض اور دفاعِ مقام و منصبِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے مثالی خدمات انجام دیں۔سید محمد کفیل بخاری نے مجلس احرارِ اسلام کے وفد مولانا فیصل متین، مولانا محمد اکمل اور مولانا ہدایت اللہ کے ہم راہ تونسہ میں اُن کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔امیر مرکزیہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے تونسہ پہنچ کر حضرت کے فرزندوں اور دیگر لواحقین سے تعزیت کی۔اللہ تعالیٰ خدمات قبول فرمائے (آمین)

● **والدہ مرحومہ محمد سلیمان، (اوکاڑہ)** مجلس احرارِ اسلام اوکاڑہ کے کارکن جناب محمد کی والدہ ماجدہ۔انتقال: ۲۱ر دسمبر ۲۰۱۲ء

● **صوفی بشیر احمد مرحوم (نعت خوان)** میراں پور، میلسی کے معروف نعت خوان صوفی بشیر احمد گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

● **پروفیسر عبدالغفور احمد مرحوم:** جماعتِ اسلامی پاکستان کے نائب امیر پروفیسر عبدالغفور احمد ۲۶ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو کراچی میں انتقال کر گئے۔

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔(آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)



© rasailojaraid.com